AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 13 October 2026
Time : 09:25 AM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

بیمسٹیک

آج نئی دلی میں بھارت کی میزبانی میں BIMSTEC ممالک کے وزرائے داخلہ کیلئے پہلا اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اجلاس کا مقصد دہشت گردی، منشیات، ہیومن ٹریفکنگ، منظم جرائم اور سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے تعاون مضبوط بنانا ہے۔
انہوں نے کہا کہ مشترکہ کوششوں سے خطے کو تمام جرائم سے محفوظ بنایا جائے گا۔ بمسٹیک میں بھارت، میانمار، سری لنکا، بنگلہ دیش، بھوٹان، نیپال اور تھائی لینڈ شامل ہیں۔ بیمسٹیک کا مقصد علاقائی اقتصادی اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

وزیراعلیٰ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے ترقیاتی عمل کے ساتھ ساتھ ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، باغبانی، بنیادی ڈھانچے اور سیاحت جیسے اہم شعبوں میں ترقی کیلئے پائیدار طریقہ کار اختیار کرنا ناگزیر ہے۔
وہ شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر، اور انٹیگریٹڈ ماؤنٹین Initiative کے باہمی اشتراک سے جموں و کشمیر میں پائیدار پہاڑی ترقی سے متعلق منعقدہ سمٹ کا افتتاح کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔

وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ پہاڑی ماحولیاتی نظام کا تحفظ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل، معاشی خوشحالی اور مقامی آبادی کے روزگار کے تحفظ کیلئے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

اس موقع پر وزیرِ زراعت جاوید ڈار اور وزیرِ اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

عمر خراج

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کے شاستری نگر شمشان گھاٹ میں سابق وزیر ہربنس سنگھ کی آخری رسومات میں شرکت کی اور انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔

انہوں نے آنجہانی وزیر کی عوامی خدمات کو یاد کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔

اس موقعے پر نائب وزیرِ اعلیٰ سریندر کمار چودھری سمیت کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

ای سی آئی

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ایک ملک گیر مہم شروع کر رہا ہے۔ اس مہم میں تمام اہل ووٹروں کے نام ووٹر فہرستوں میں شامل کئے جائیں گے۔ اس مہم کی شروعات 18 اکتوبر کو دہلی سے ہوگی۔

غلام علی کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور پارلیمنٹ ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے کٹرہ میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول میں سینٹر بیورو آف کمیونکیشن جموں و کشمیر کی جانب سے ''12 سال وشواس کے، وکاس کے، جن کلیان کے'' کے موضوع پر مبنی 8 روزہ ملٹی میڈیا نمائش کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر غلام علی کھٹانہ نے کہا کہ مرکزی حکومت نے کاروبار کو آسان بنانے، نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے دور دراز علاقوں میں مقامی زبانوں کے ذریعے سرکاری اسکیموں سے متعلق بیداری پروگرام منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

بشارت قیوم

سری نگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے مختلف شعبوں کے افسران کے ساتھ میٹنگ میں شہری سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی ستھرائی، کوڑا کرکٹ کے بہتر انتظام، ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل اور عوامی شکایات کے فوری ازالے پر زور دیا۔

کمشنر موصوف نے افسران کو ہدایت دی کہ تمام شعبے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں اور عوام کو بہتر شہری سہولیات فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔

ڈائریکٹر ایگریکلچر

ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے سری نگر ضلع کے 45 کسانوں پر مشتمل ایک گروپ کو پنجاب ایگریکلچر یونیورسٹی لدھیانہ کے مطالعاتی دورے کے لیے روانہ کیا۔ یہ دورہ ایرومیٹیک اور میڈیسنل پلانٹس کی کاشت سے متعلق تربیتی پروگرام کے تحت منعقد کیا گیا ہے۔

اس دوران کسانوں کو لیونڈر اور روزمیری سمیت اعلیٰ اقسام والے پودوں کی کاشت، نرسری مینجمنٹ، پروسیسنگ اور مارکیٹنگ کے جدید طریقوں سے روشناس کرایا جائے گا، تاکہ ان کی آمدنی میں اضافہ ہو سکے۔

ڈی سی شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیاں چرندیپ سنگھ نے آنے والے موسمِ سرما سے نمٹنے کیلئے ایک میٹنگ کے دوران انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے برف باری کے دوران سڑکوں سے برف ہٹانے، بجلی اور پانی کی بلا خلل فراہمی اور اسپتالوں میں مناسب سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

کمشنر موصوف نے ہنگامی بنیادوں پر تیار رہنے، کنٹرول روم قائم کرنے اور تمام محکموں کے درمیان بہتر تال میل پر بھی زور دیا۔

کولگام

ضلع کولگام میں محکمہ ڈرگ کنٹرول نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت یاری پورہ میں کئی میڈیکل سٹوروں کا معائنہ کیا۔

اس دوران حکام نے ادویات کا ریکارڈ، بلنگ سسٹم اور سی ٹی وی فوٹیج چیک کی۔ اس موقعے محکمہ نے ادویات صرف مستند ڈاکٹروں کے نسخے پر فروخت کرنے کی ہدایت دی۔

عالم دن

آج Disaster Risk Reduction کا بین الاقوامی دن ہے۔ اس دن کا مقصد قدرتی آفات جیسے زلزلے، سیلاب اور طوفان سے پیدا ہونے والے نقصانات کو کم کرنے اور عوام میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

اس سال کا موضوع ہے Resilience starts at home۔ اقوام متحدہ کے تحت منائے جانے والے اس دن کے ذریعے آفات سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری، مؤثر منصوبہ بندی اور حفاظتی اقدامات کی اہمیت اجاگر کی جاتی ہے، تاکہ انسانی جانوں کے ذیاں اور املاک کو محفوظ بنایا جاسکے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **11** اعشاریہ **2** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ